(1)

بحضور جناب سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان

اسلام آباد

عذرداری منجانب ووٹران تحصیل لرجم صوبائی حلقہ پی کے 10 دیر بالا بسلسلہ مرتب کردہ حلقہ بندی ہا بذریعہ سائل محمد علی خان سابق ناظم یونین کونسل پالام

جناب عالی! گزارش ہے۔

1۔ یہ کہ سائلان صوبائی حلقہ PK-10 سے تعلق رکھتے ہیں جو موجودہ طور تحصیل شیرینگل، تحصیل کلکوٹ اور تحصیل لرجم پر مشتمل ہے اوران تحصیلوں کے تمام یونین کونسل اس میں شامل ہیں۔

2۔ یہ کہ تحصیل لرجم پانچ یونین کونسلوں پر مشتمل ہے جس میں پالام، تار پتار اور یوسی جبر شامل ہیں جو کافی آبادی کا حامل علاقہ ہے اوراسکے ساتھ قریبی یونین کونسل ہا داروڑہ اور یونین کونسل بیبوڑ ہیں اور تمام یونین کونسل تحصیل لرجم کا حصہ ہیں لیکن ان میں یونین کونسل داروڑہ اور یونین کونسل بیبوڑ کو حلقہ PK-12 میں شامل کیا گیا ہے لیکن تحصیل لرجم کی یونین کونسل ہائے پالام، تار پتار اور جبر کو دور لے جا کر تحصیل ہائی کلکوٹ اور شیرینگل کیساتھ شامل کیا گیا ہے جو نہایت دور افتادہ مقامات ہے ضروری یہ ہے کہ تحصیل لرجم کے تمام پانچ یونین کونسل ہائے پالام، تار پتار، جبر، داروڑہ اور بیبیوڑ کو اکٹھا کر کے ایک حصہ پر مشتمل کیا جائے اوران یونین کونسل ہائے کے مکینوں کو ایک ہی حلقہ میں ضم کیا جائے۔

3۔ یہ کہ تحصیل لرجم کا جغرافیائی پوزیشن کچھ اس طرح ہے کہ اس تحصیل اور تحصیل شیرینگل اور کلکوٹ کے مابین نہایت طویل اور اونچا پہاڑ واقع ہے اور جن کے مابین کوئی سڑک نہیں ہے بلکہ تحصیل لرجم سے

تحصیل شرینگل اور کلکوٹ جانے کے لئے تقریباً 100-120 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرنا پڑتا ہے۔ یہ ایسا ہے جیسا کہ مری گلیات اور اسلام آباد کو مانسہرہ اور ایبٹ آباد کے ساتھ ملا کر ایک صوبائی/قومی حلقہ بنا دیا جائے۔

4۔ یہ کہ اہلیان تحصیل لرجم اور شیرینگل اور تحصیل کلکوٹ کی نہ صرف مادری زبان مختلف ہے بلکہ ان تمام تحصیلوں کی معاشرت ثقافت اور بدوباش بھی مختلف ہے جس وجہ سے ان تمام تحصیلوں میں ہم آہنگی نہ ہونے کا سوال بھی درپیش ہے۔

5۔ یہ کہ تعجب خیز یہ بھی ہے کہ درج بالا تحصیلوں کے مابین یونین کونسل داروڑہ، یونین کونسل بی بیوڑ اور وارڈ سیری واقع ہیں ان کو صوبائی حلقہ PK-12 میں شامل کیا گیا ہے تحصیل لرجم کے یونین کونسل والوں کو یونین کونسل داروڑہ، بی بیوڑ اور وارڈ کونسل سیری میں سے ہوتے ہوئے شیرینگل جانا پڑتا ہے۔

6۔ یہ کہ نئی حلقہ بندیاں مرتب کرتے وقت سائلان کو سماعت کا موقع فراہم نہیں کیا گیا ہے اور نہ ہی ان یونین کونسلوں کے مکینوں کی سہولت کا خیال رکھا گیا ہے بلکہ محض خیال اور قیاس پر نئی حلقہ بندیاں مرتب کی گئی ہیں۔

استدعا ہے کہ تحصیل لرجم (دیر بالا) کے تین یونین کونسل ہا، پالام، تارپتار اور جبر کو شیرینگل (کوہستان) کے حلقہ سے کاٹ کر حلقہ PK-12 میں شامل کیا جائے۔ المرقوم:۔

عرضے

C.Ph. No.
03039841598

NIC No. 15701-5151085-3

سائل:۔ محمد علی خان سابق ناظم یونین کونسل پالام، ڈاکخانہ بائلی نامائی، تحصیل لرجم، ضلع دیر بالا۔
بشمول سابق ناظم وارث خان یونین کونسل تارپتار، عشیری درہ، تحصیل لرجم ضلع دیر بالا